کتاب کے ایک باب میں فاضل مصنف نے تحریک اہلِ حدیث کے تاریخی موقف اور اس کی خدمات کا تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ پھر انہوں نے مسئلہ تقلید پر بھی اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے اور اس ضمن میں بعض فقہی مسائل کی توضیح بھی کی ہے۔

جس موضوع پر مولانا نے قلم اٹھایا ہے وہ بڑا نازک ہے اور اس میں اختلاف کی گنجائش موجود ہے۔ انہوں نے اس ساری بحث میں اپنے علمی وقار کو سامنے رکھتے ہوئے سنجیدگی سے اظہارِ خیال کیا ہے اور اپنے موقف کی تائید میں دلائل پیش کیے ہیں۔ البتہ ایک باب یعنی اہل حدیث کی اقتدا میں اُن کا اندازِ بیان کہیں کہیں تلخ ہو گیا ہے۔ کتاب کی قیمت کچھ زیادہ معلوم ہوتی ہے۔

تحریکِ اسلامی ایک نظر میں | تالیف: جناب اسعد گیلانی صاحب۔ شائع کردہ: ادارہ فرینڈز پبلی کیشنز، ملتان۔ صفحات ۱۹۲۔ قیمت ایک روپیہ نوے پیسے۔

جناب اسعد گیلانی صاحب رکن مرکزی مجلسِ شوریٰ جماعت اسلامی پاکستان علمی اور دینی حلقوں میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ انہوں نے اسلام اور تحریکِ اسلامی پر متعدد کتابیں بڑے عام فہم انداز میں تحریر فرمائی ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کامیاب کوشش ہے۔ موجودہ دور میں تحریکِ اسلامی کے داعی مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی نے تحریک کے مقاصد اور اس کے مختلف گوشوں کی وضاحت جس شرح و بسط سے کی ہے وہ کئی ہزار صفحات میں پھیلی ہوئی ہے۔ اس بات کی عرصہ سے ضرورت محسوس کی جا رہی تھی کہ ان بیش قیمت تصریحات کی تلخیص شائع کی جائے تاکہ اس تحریک سے متاثر ہونے والا شخص ابتدا ہی میں کم سے کم وقت میں اس سے اچھی طرح متعارف ہو سکے۔ یہ ضرورت تحریک کے ایک مخلص اور ذہین کارکن اور اسلامی ادب کے معروف صاحبِ قلم نے جس خوبی سے پورا کیا ہے وہ لائقِ ستائش ہے۔ اس کے مطالعہ سے آدمی تحریکِ اسلامی کے مزاج، مقصد اور منہاج سے اچھی طرح متعارف ہو جاتا ہے۔

تنویرِ معاشرہ | تالیف: جناب عبدالرشید حنیف صاحب۔ ناشر: مکتبہ تنویرِ ادب ٹوبہ ٹیک سنگھ